© rasailojaraid.com



[ مگر اللہ ہی جسے چاہتا ہے' پاک کر دیتا ہے۔(النور ۲۴:۲۱)]

# اے اللہ! مجھے پاک کر دے

میرے اور تیرے علاوہ کوئی نہیں جانتا
کہ میری زندگی گناہوں میں کس طرح لتھڑی ہوئی ہے
مجھے پاک کر دے' میرے رب!
میرے دل کو اس طرح پاک کر دے جس طرح سفید کپڑے کو دھو کر میل کچیل سے صاف کر دیا جاتا ہے

**میرے رب!**

— مجھے اعمال کی پاکیزگی عطا فرما
— مجھے نظر کی پاکیزگی عطا فرما
— مجھے خیال کی پاکیزگی عطا فرما

**اے اللہ!**

— میرے قلب کو نفاق سے پاک کر دے
— میرے عمل کو ریا سے پاک کر دے
— میری زبان کو جھوٹ سے پاک کر دے
— میری آنکھوں کو خیانت سے پاک کر دے

**اے میرے رب ، اے میرے اللہ!**

— تو دلوں کے کھلے اور چھپے ہر حال سے واقف ہے
— مجھے ایسی زندگی گزارنے کی توفیق دے
کہ تو مجھ سے راضی ہو' میں تجھ سے راضی ہوں

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com